# نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی

## چیک لسٹ برائے حفاظتی منصوبہ بندی

یہ چیک لسٹ لائن سپرنٹنڈنٹ/انچارج کام کی جگہ پرکارکنان کی مشاورت سے پُرکرے گا اوراس چیک لسٹ کی اصل کاپی کو کم از کم ایک ماہ تک اپنے پاس محفوظ رکھے گا۔

کام شروع کرنے سے پہلے کام کی نوعیت ،طریقہ کار اور حفاظتی اقدامات پر غور کریں، قابل اطلاق ممکنہ خطرات اور احتیاطی تدابیر کی ٹک مارک کرکے نشاندہی کریں۔ اگر کام کی جگہ پر دیگر خطرات ظاہر ہوتے ہیں جن کا کنٹرول ممکن نہ ہوتو کام روک کر اپنے انچارج سے رابطہ کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ڈویژن: | سب ڈویژن: | تاریخ: | کام شروع کرنے کا ٹائم: |
| کیا کام کرنا ہے؟ | | | |
| کام کی جگہ؟ | | | |
| کام کی سپرویژن / نگرانی کی ذمہ داری | نام اورعہدہ | ایمپلائی نمبر | دستخط |
| کارکنان کی تفصیل جو کام کی جگہ موجود ہیں | نام اورعہدہ | ایمپلائی نمبر | دستخط |
| | نام اورعہدہ | ایمپلائی نمبر | دستخط |
| | نام اورعہدہ | ایمپلائی نمبر | دستخط |

| کام کی جگہ پرمتعلقہ لائن کی نوعیت کے آگے ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔ | | |
|---|---|---|
| ☐ ایل ٹی لائن | ☐ ایچ ٹی لائن | ☐ ایل ٹی اور ایچ ٹی کمپوزٹ لائن |
| ☐ لائن انرجائز / چالو ہے | ☐ لائن ڈیڈ ہے | ☐ سٹریٹ لائٹ چالو ہے |

| کام کی جگہ پر موجود خطرات کے آگے ( ✓ ) کا نشان لگائیں جس کی وجہ سے چوٹ لگ سکتی ہے یا موت یا متعدد اموات ہو سکتی ہیں۔ | | |
|---|---|---|
| ☐ بوسیدہ کھمبا یا ٹاور کا خطرہ | ☐ ٹرانسفارمر پھٹنے کا خطرہ | ☐ پھسلنے کا خطرہ |
| ☐ کرنٹ لگنے کا خطرہ | ☐ کپیسیٹر پھٹنے کا خطرہ | ☐ اونچائی سے گرنے کا خطرہ |
| ☐ بجلی کا شعلہ (آرک فلیش) کا خطرہ | ☐ آگ لگنے کا خطرہ | ☐ اونچائی سے اوزار/ سامان گرنے کا خطرہ |

### کام کی جگہ پرمتعلقہ احتیاطی تدابیر کے آگے ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔

☐ "لائن مین یا مجاز اسسٹنٹ لائن مین" اور"اسسٹنٹ لائن مین" دونوں کام پر موجود ہیں۔
☐ تمام حفاظتی سامان کا معائنہ کر لیا ہے، کوئی چیز خراب، گیلی یا نم نہیں ہے۔
☐ حفاظتی ہیلمٹ مع پٹی (چین اسٹرپ) استعمال کر رہے ہیں۔
☐ انسولیٹڈ الیکٹریکل حفاظتی جوتے استعمال کر رہے ہیں۔
☐ بجلی کے لیے ربڑ کے دستانے خراب نہیں ہیں اور دستانے پر چھ ماہ کی ڈائی الیکٹرک ٹیسٹنگ کی تاریخ ایکسپائر نہیں ہے۔
☐ چمڑے کے حفاظتی دستانے موجود ہیں۔
☐ چہرے کی حفاظتی شیلڈ (فل فیس شیلڈ) موجود ہے۔
☐ اونچائی سے گرنے سے بچنے کے لیے کمر کے گرد باندھنے والے سنگل پوزیشننگ باڈی بیلٹ کا استعمال نہیں کر رہے ہیں۔
☐ اونچائی پر بجلی کے کام کے لیے پی وی سی کوٹڈ فل باڈی حفاظتی بیلٹ بمعہ پوزیشننگ بیلٹ استعمال کر رہے ہیں۔
☐ اونچائی پر سامان لے جانے یا اتار نے کیلئے ہینڈ لائن کا استعمال کر رہے ہیں۔
☐ اونچائی سے اوزار کو زمین پر گرنے سے روکنے کیلئے ڈراپ ٹول کٹ استعمال کر رہے ہیں۔
☐ کام کرنے کیلئے بکٹ گاڑی یا گاڑی پر لگی سیڑھی کو معائنہ کرکے استعمال کر رہے ہیں۔
☐ کام کرنے کیلئے محفوظ سیڑھی کا معائنہ کرکے استعمال کر رہے ہیں۔
☐ بجلی کے کام کیلئے انسولیٹڈ ٹولز موجود ہیں۔

☐ فرسٹ ایڈ باکس موجود ہے اور ادویات کی میعاد ختم نہیں ہوئی۔
☐ آگ بجھانے کے لیے فائرایکسٹینگویشر یا فائربلنکٹ موجود ہے۔

☐ ریفلیکٹو یونیفارم استعمال کر رہے ہیں تاکہ کوئی گاڑی یا موٹرسائیکل ٹکر نہ مارے۔
☐ دن کو سڑک پر کام کرتے وقت مناسب فاصلے پر وارننگ کون رکھ دی ہیں اور کپڑے کے جھنڈے سے آنے والی گاڑیوں کو الرٹ کر رہے ہیں۔
☐ کام کی جگہ کومناسب فاصلے پر سرخ فیتے اور انتباہی نشانات آویزاں کر کے بند کر دیا ہے تا کہ غیر متعلقہ افراد کام کے علاقے میں داخل نہ ہوں اور کسی حادثے کا شکار نہ ہوں۔
☐ رات کے لیے ایمر جنسی ٹارچ موجود ہے۔
☐ رات کو روڈ پر کام کرتے وقت حفاظتی وارننگ لائٹس استعمال کر رہے ہیں تا کہ آنے والی گاڑیوں سے محفوظ رہ سکیں۔
☐ رات کو سڑک پر گاڑی کھڑی کرتے وقت گاڑی کی ایمرجنسی لائٹس کے ڈبل اشارے روشن کردیے ہیں۔

☐ بارش میں برساتی استعمال کر رہے ہیں۔
☐ گیلے علاقے کے لیے انسولیٹڈ الیکٹریکل حفاظتی بوٹ استعمال کر رہے ہیں۔
☐ سیلابی پانی کیلیے لائف سیونگ جیکٹ موجود ہے۔

☐ اگرکھمبا یا ٹاور بوسیدہ ہے یا بنیادوں میں دراڑ یا نقص ہے یا اضافی یا غیر متوازن تناؤ ہے توکام سے پہلے کھمبے یا ٹاور کو سپورٹ لگا کر محفوظ کر دیا ہے۔
☐ بوسیدہ کھمبے یا ٹاور پر کام کرنے کیلئے بکٹ گاڑی کا استعمال کر رہے ہیں۔

☐ ایل ٹی لائن پر کام کے لیے کم سے کم کلاس 0 کے ربڑ کے دستانے اور ربڑ سلیوز(حفاظتی آستین) استعمال کر رہے ہیں۔
☐ انسولیٹڈ ہاٹ اسٹک موجود ہے۔
☐ ایل ٹی لائن پر کام کے لیے ٹرانسفارمر کے ڈی فیوز کاٹ کر سپلائی بند کر دی ہے اور ایل ٹی لائن کے مطابق ایکوو پوٹینشل زون گراؤنڈنگ/ارتھنگ کردی ہے کیونکہ بند ایل ٹی لائن میں ڈبل سپلائی لائن سے یا گھریلو یا صنعتی جزیٹر سے یا انڈیوسڈ کرنٹ کی وجہ سے یا پھر یو پی ایس کی وجہ سے بیک کرنٹ آسکتا ہے۔
☐ اسٹریٹ لائٹس بند ہو گئی ہیں۔

☐ ایچ ٹی لائن پر پرمٹ لینے سے پہلے تمام متعلقہ محکموں، ڈیپارٹمنٹ اورمتاثرہ فریقین کوتحریری طور پر مطلع کر دیا ہے یا ورک پرمٹ پر دستخط لے لیے ہیں تا کہ وہ ضروری حفاظتی تدابیراختیار کرسکیں۔
☐ کریٹیکل پروٹیکشن بائی پاس نہیں ہیں۔
☐ تمام متصل فیڈرز سے پرمٹ لے کرسپلائی بند کر دی ہے۔
☐ کمپوزٹ لائن کی صورت میں ایل ٹی اور ایچ ٹی دونوں کا پرمٹ لے کر مکمل شٹ ڈاؤن لے لیا ہے۔
☐ ٹرانسفارمر پر کام کے لیے یا پول پرایک سے زیادہ ٹرانسفارمرز سے آنے والی لائنیوں پر پرمٹ لے کر مکمل شٹ ڈاؤن لے لیا ہے۔
☐ ایچ ٹی لائن پر کام کی سپرویژن / نگرانی کیلئے ایس ڈی او یا انچارج موجود ہے۔
☐ ہائی وولٹیج ڈی ٹیکٹر سے تصدیق کرلی ہے کہ لائن ڈیڈ ہے۔
☐ ایچ ٹی لائن پر لگے کپیسیٹر پر یا اس کے قریب کام کرنے سے پہلے اس کو محفوظ طریقے سے ڈسچارج کر دیا ہے۔
☐ ایچ ٹی لائن کی ایکوو پوٹینشل زون گراؤنڈنگ/ارتھنگ کردی ہے کیونکہ ڈیڈ لائن کا دوبارہ گرڈ سٹیشن سے چالو ہونے سے یا دوسری چالو لائن کے ساتھ ٹچ ہونے سے یا انڈیوسڈ کرنٹ کی وجہ سے یا پھر آسمانی بجلی کی وجہ سے لائن میں بیک کرنٹ آسکتا ہے۔
☐ ایچ ٹی لائن کے لیے کم سے کم کلاس 2 کے ربڑ کے دستانے اور ربڑ سلیوز(حفاظتی آستین) استعمال کر رہے ہیں۔

☐ روڑا فیوز استعمال نہیں کیا۔
☐ ٹرانسفارمر پر ڈیزائن کے مطابق فیوز یا ہائی رپچرنگ کیپیسٹی (ایچ آرسی ) فیوز استعمال کیا۔

☐ اگر420 وولٹ سے زیادہ انرجائز/ چالولائن پرکام کر رہے ہیں تو ہائی وولٹیج آرک فلیش کٹ بشمول سوٹ، دستانے اور حفاظتی ہڈ استعمال کر رہے ہیں۔

☐ لو لگنے یعنی ہیٹ اسٹروک سے بچنے کے لیے پانی یا اوآرایس کا استعمال کر رہے ہیں۔
☐ درجہ حرارت اگر 40 ڈگری سے زیادہ ہے تو باہر کے کام دن میں دوپہر 12 بجے سے پہلے کر رہے ہیں یا 3 بجے کے بعد پلان کر رہے ہیں۔